میں اس کی کیا تعریف ہے، صبر کن کن مواقع پر اور کن کن چیزوں سے ہونا چاہئے. قرآن اور حدیث میں اس کے کیا فضائل مذکور ہیں اور نیز یہ کہ صبر کے مراتب و مدارج کتنے ہیں۔ لائق مولف حوصلہ افزائی کے مستحق ہیں کہ انھوں نے نوعمری کے باوصف ایک ایسی کتاب لکھکر پیش کی ہے جس سے توقع ہوتی ہے کہ اگر وہ علمی مشاغل میں مصروف رہے تو آگے چلکر ایک کامیاب مصنف ہو سکتے ہیں۔

خطبہ صدارت آل انڈیا احناف کانفرنس تقطیع کلاں ضخامت ۵۱ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ معمولی پتہ:- دفتر جمعیۃ الاحناف مئو ائمہ ضلع الہ آباد

یہ وہ خطبہ ہے جو مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند نے آل انڈیا جمعیۃ الاحناف کانفرنس منعقدہ ۱۵، ۱۶، ۱۷ شوال المکرم ۱۳۶۲ھ میں بحیثیت صدر پڑھا تھا جس میں انھوں نے اپنی مخصوص افتاد طبع اور مزاج کے مطابق اجتہاد و تقلید سے متعلق اپنے افکار کو براہین انیہ و لمیہ کے پیرایہ میں بیان کیا ہے ضمناً شرائع و احکام کے متعدد پہلوؤں پر بھی گفتگو ہوتی گئی ہے۔ آخر میں امام اعظمؒ کے تفقہ اور فقہ حنفی کی بعض خصوصیات پر کلام کیا گیا ہے۔ آخر میں لائق صدر نے مسلمانوں سے خواہ وہ مقلد ہوں یا غیر مقلد عام اتحاد کی اپیل کی ہے اور ان کو باہمی رواداری کے ساتھ رہنے سہنے اور ایک متفقہ نقطۂ اتحاد پر جمع ہونے کی تلقین کی ہے۔ جس کی اس زمانہ میں شدید ضرورت ہے۔

رنگین لفافہ از سید ابو تمیم صاحب فرید آبادی تقطیع خورد ضخامت ۱۶۸ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ متوسط قیمت مجلد عہ پتہ:- بک ڈپو انجمن ترقی اردو جامع مسجد دہلی۔

یہ سید ابو تمیم صاحب کے چار افسانوں کا مجموعہ ہے. زبان صاف اور سلیس ہے اور پلاٹ میں بھی بجائے تخیل کے واقعیت کا رنگ زیادہ پایا جاتا ہے. پھر عبارت کی دلنشینی کے ساتھ ہلکا ہلکا سا طنز ایک خاص لطف دیجاتا ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر مولوی عبد الحق صاحب کے بقول یہ کتاب بھی ظرافت طنز اور پریشان خیالی کا ایک دلچسپ مجموعہ ہے۔